<u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

(شعبہ تعلقات عامہ)

<u>پریس ریلیز</u>

مورخہ 7 مئی ، 2018ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک بھر میں آئندہ عام انتخابات 2018ء کے انعقاد کے لئے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران ، ریٹرننگ افسران اور اسٹنٹ ریٹرننگ افسران کی تعیناتی کا اعلان کر دیا۔

پورے پاکستان میں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنزججز ہونگے ۔تاہم کچھ اضلاع اور فاٹا میں جوڈیشل افسران کی عدم دستیابی کی وجہ سے وہاں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران انتظامیہ سے لئے گئے ہیں۔

اسطرح ریٹرننگ افسران کی اکثریت کا تعلق بھی ماتحت عدلیہ سے ہے ۔ قانون کے مطابق اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کی تعیناتی انتظامی افسران سے کی گئی ہے ۔

ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی پورے ملک میں کل تعداد 131 ہے ۔ ملک کے ہر ضلع میں ایک ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر ہوگا۔ جس میں سےماسوائے فاٹا اور بلوچستان کے تین اضلاع شیرانی ، کوہلواور سکندر آباد کے تمام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز ججز ہونگے ۔ فاٹا کی سات ایجنسیوں میں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران ایجنسیوں کے پولیٹکل ایجنٹس ہونگے جبکہ ایف ار پشاور، بنون ، کوہاٹ کا ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر کمشنر بنون ڈویژن ہوگا۔

خیبر پختونخوا میں 25 ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران تعینات کئے گئے ہیں ۔ ہر ضلع کا ڈسٹرکٹ اینڈسیشن جج ڈسٹرکٹ افسرہوگا۔ خیبر پختونخوا میں قومی اسمبلی کی 39 نشستوں کے لئے 39 ریٹرننگ افسران تعینات کئے گئے جوکہ ایڈیشنل سیشنز ججز/اور سینئر سول ججز ہیں۔ اسطرح خیبر پختونخوا میں صوبائی اسمبلی کی 99 نشستوں کے لئے 99 ریٹرننگ افسران تعینات ہوگئے ہیں جوکہ سول ججز ہونگے ۔

پنجاب میں 36 ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی تعیناتی کی گئی ہے جو سب ڈسٹرکٹ اینڈسیشنز ججز ہیں۔ پنجاب میں قومی اسمبلی کی 141 نشستوں کے لئے 141 ریٹرننگ افسران کی تعیناتی کی گئی جو تمام ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز ججز ہونگے۔ جبکہ صوبائی اسمبلی کی 297 نشستوں کے لئے 297ریٹرننگ افسران کی تعیناتی کی گئی ہے جوکہ سینئر سول ججز / سول ججز ہیں۔

جاری ہے صفحہ نمبر 2 پر

سندھ میں 27 ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے ۔ جو تمام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز ججز ہیں ۔سندھ کی قومی اسمبلی کی 61 نشستوں کے لئے 61 ریٹرننگ افسران تعینات کئے گئے جو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز ججز / سینئر سول ججز ہیں۔ سندھ کی صوبائی اسمبلی کی 130 نشستوں کے لئے 130 ریٹرننگ افسران تعینات ہیں جو سول ججز ہیں۔

بلوچستان میں 34 ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی تعیناتی ہوگئی بلوچستان کی قومی اسمبلی کی 16 نشستوں پر 16 ریٹرننگ افسران تعینات کئے گئے ہیں جو سب ماتحت عدلیه سے لگا ئے گئے ہیں جبکه صوبائی اسمبلی کی 51 نشستوں کے لئے 51 ریٹرننگ افسران کی تعیناتی عمل میں لائی گئی جس میں سے 4 انتظامیه کے افسران کے علاوہ سب جوڈیشنری سے تعینات ہوئے ۔

اسلام آباد میں ایک ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسرکی تعیناتی ہوگئی جوکه ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ہے ۔ اسلام آباد کی قومی اسمبلی کی 3 نشستوں کے لئے 3 ریٹرننگ افسران تعینات ہوئے جوکه ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز ججز ہے۔

****